نیشنل فوڈز لمیٹڈ

National FOODS SINCE 1970

پچپنواں (55) سالانہ اجلاس عام کا نوٹس

اطلاع دی جاتی ہے کہ نیشنل فوڈز لمیٹڈ کا پچپنواں (55) سالانہ اجلاس عام 26 اکتوبر 2026 بروز پیر صبح 10:00 بجے بیچ لگژری ہوٹل، کراچی میں درج ذیل کاروباری امور کے لئے منعقد ہوگا۔ وہ شیئر ہولڈرز جو ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنا چاہیں، کر سکتے ہیں۔

عمومی امور

۱۔ 12 جنوری 2026 کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق کرنا۔

۲۔ 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں بشمول ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس، کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات اور 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولیابی، غور وخوض اور منظور کرنا۔

نوٹ: ممبر مندرجہ ذیل QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں:

ویب لنک: https://www.nfoods.com/investor-relations/#annual-generalQR کوڈ:

۳۔ کمپنی کے عام حصص پر منافع حصص پر غور کرنا، منظوری دینا اور اس کا اعلان کرنا۔ ڈائریکٹرز نے 5.00 روپے فی عام حصص (100 فیصد) کے حتمی نقد منافع کی سفارش کی ہے، جو پہلے اعلان کردہ اور ادا کیے جا چکے 500 فیصد عبوری نقد منافع کے علاوہ ہے، جس کے نتیجے میں 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کل 30 روپے فی حصص (600 فیصد) منافع بنتا ہے۔

۴۔ کمپنی کے 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کا معاوضہ مقرر کرنا۔ اے۔ ایف۔ فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر تقرری کے اہل ہیں اور انہوں نے کمپنی کے آڈیٹرز کی حیثیت سے خدمات انجام دینے پر اپنی رضامندی ظاہر کردی ہے، جبکہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ان کی تقرری کی سفارش کی ہے۔

خصوصی امور:

۵۔ **کمپنی کے حصص کے سرمائے کی تقسیم اور میمورنڈم آف ایسوسی ایشن اور ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کی کیپٹل شقوں میں مطلوبہ ترامیم کے لیے درج ذیل کو، ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے، خصوصی قرارداد کے طور پر غور کرنا اور، اگر موزوں سمجھا جائے، منظور کرنا:**

"**قرارداد کی گئی ہے کہ** کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 85 اور کمپنی کے ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کے آرٹیکل 28 کے مطابق، کمپنی کے موجودہ حصص کے سرمائے، بشمول اس کے مجاز، جاری کردہ اور ادا شدہ سرمائے میں اس طرح ترمیم کی جائے کہ کمپنی کا ہر عام حصص، جس کی ظاہری مالیت 5 روپے ہے، کو ایک (1) روپے کی ظاہری مالیت کے پانچ (5) عام حصص میں تقسیم کر دیا جائے، جبکہ ایسے حصص سے منسلک حقوق اور مراعات میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

مزید قرارداد کی گئی ہے کہ کمپنی کے مجاز سرمائے کو 1,000,000,000 عام حصص، فی حصص 5 روپے سے تقسیم کر کے 5,000,000,000 عام حصص، فی حصص 1 روپے کر دیا جائے، اور اس کے نتیجے میں کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی موجودہ شق V اور ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کے آرٹیکل 4 میں ترمیم کر کے انہیں مندرجہ ذیل عبارت سے تبدیل کر دیا جائے:

میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V

"کمپنی کا مجاز سرمایہ 5,000,000,000 روپے (پانچ ارب روپے) ہے، جو 5,000,000,000 (پانچ ارب) عام حصص پر مشتمل ہے، جن میں سے ہر ایک کی ظاہری مالیت 1 روپے (ایک روپیہ) ہے، اور کمپنی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنی صوابدید کے مطابق اس سرمائے میں اضافہ یا کمی کر سکے۔ کمپنی، کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات کے مطابق، اپنے حصص یا ان میں سے کسی حصے کو تقسیم یا یکجا کر سکتی ہے۔"

ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کا آرٹیکل 4

"کمپنی کا مجاز سرمایہ وہ رقم ہے جو کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V میں درج ہے، اور یہ اتنی تعداد میں حصص میں تقسیم ہوگا، جن میں سے ہر ایک کی ظاہری مالیت 1 روپے (ایک روپیہ) ہوگی، جیسا کہ میمورنڈم کی مذکورہ شق میں بیان کیا گیا ہے۔"

مزید قرارداد کی گئی ہے کہ کمپنی کا ہر موجودہ عام حصص، جس کی ظاہری مالیت 5 روپے ہے، کو 1 روپے کی ظاہری مالیت کے پانچ (5) عام حصص میں تقسیم کر دیا جائے، اور اس طرح موجودہ 233,115,425 عام حصص، جن میں سے ہر ایک کی ظاہری مالیت 5 روپے ہے، کو 1,165,577,125 عام حصص میں تقسیم کر دیا جائے، جن میں سے ہر ایک کی ظاہری مالیت 1 روپیہ ہوگی۔ یہ تقسیم شدہ حصص مؤثر تاریخ کو ہر شیئر ہولڈر کے متعلقہ استحقاق کے تناسب سے جاری/اس کے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کیے جائیں گے۔

مزید قرارداد کی گئی ہے کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/یا کمپنی سیکریٹری کو انفرادی طور پر تمام ضروری اقدامات کرنے اور مذکورہ بالا قراردادوں پر عمل درآمد کے لیے تمام کارپوریٹ، قانونی اور ریگولیٹری کارروائیاں مکمل کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے، جس میں مؤثر تاریخ کا تعین اور اعلان، اراکین کے رجسٹر کی بندش، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی/سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ساتھ رابطہ کاری، تقسیم شدہ حصص کو فزیکل اور الیکٹرانک صورت میں جاری/کریڈٹ کرنا، اور متعلقہ ریگولیٹری اتھارٹیز کے پاس تمام ضروری دستاویزات جمع کرانا اور مطلوبہ انکشافات کرنا شامل ہیں۔"

۶۔ **متحدہ عرب امارات میں نیشنل فوڈز FZCO-FZCO (NF FZCO) اور ایپی کیور FZCO (Epicure FZCO) کے درمیان متعلقہ فریق کے ساتھ لین دین کے ضمیمے (Addendum) پر غور کرنا اور اس کی منظوری دینا، جس کے تحت ایپی کیور ایف زیڈ سی او سرمایہ کاری کے مشیر/سہولت کار کے طور پر خدمات انجام دے گا، مزید برآں حصول کے بعد انضمام اور کاروباری ترقی سے متعلق خدمات بھی، جب اور جہاں ضرورت ہو، فراہم کرے گا، اور ایم اینڈ اے مشیر/لین دین کے سہولت کار کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں بدستور انجام دیتا رہے گا۔ اس حیثیت میں اس کا کردار اس سے قبل 15 ستمبر 2025 کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے بھی منظور کیا جا چکا ہے۔ اور اگر موزوں سمجھا جائے تو، درج ذیل قرارداد کو ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے منظور کرنا:**

"**قرارداد کی گئی ہے کہ** شیئر ہولڈرز متحدہ عرب امارات میں نیشنل فوڈز FZCO (NF FZCO) اور ایپی کیور FZCO (Epicure FZCO) کے درمیان متعلقہ فریق کے ساتھ طے پانے والے لین دین کے ضمیمے کی منظوری اور توثیق کرتے ہیں، جس کے تحت ایپی کیور FZCO سرمایہ کاری سے متعلق مشاورتی/سہولت کاری کی خدمات فراہم کرے گا، مزید برآں حصول کے بعد انضمام اور کاروباری ترقی سے متعلق خدمات بھی، جب اور جہاں ضرورت ہو فراہم کرے گا، اور ایم اینڈ اے مشیر/لین دین کے سہولت کار کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں بدستور انجام دیتا رہے گا۔ اس حیثیت میں اس کا کردار اس سے قبل 15 ستمبر 2025 کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام شیئر ہولڈرز کی جانب سے بھی منظور کیا جا چکا ہے، اور یہ خدمات ضمیمے میں درج شرائط و ضوابط کے مطابق فراہم کی جائیں گی۔"

"**مزید قرارداد کی گئی ہے کہ** کمپنی کے مجاز نمائندگان کو اس امر کا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں، تمام ضروری دستاویزات پر دستخط کریں اور تمام ایسے اعمال، اقدامات اور امور انجام دیں جو مذکورہ قرارداد کو مؤثر بنانے کے لیے ضروری یا ضمنی ہوں۔"

۷۔ **مندرجہ ذیل قراردادوں کو خصوصی قراردادوں کے طور پر غور کرنا، اور اگر مناسب سمجھا جائے تو منظور کرنا، (الف) 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے گئے لین دین کی توثیق اور منظوری کے لیے، اور (ب) و (ج) 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے سال کے دوران کیے انجام دیے جانے والے تمام متعلقہ فریقین کے لین دین کی منظوری دینے کا اختیار دینا۔**

الف) "**قرارداد کی گئی ہے کہ** وہ تمام لین دین، جن میں بورڈ کے اکثریتی ڈائریکٹرز کا مفاد شامل ہے، اور جو کمپنی نے درج ذیل متعلقہ فریقین کے ساتھ 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران انجام دیے، ان کی توثیق اور منظوری دی جاتی ہے۔"

اے ٹی سی ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ - پیرنٹ کمپنی
نیشنل فوڈز DMCC - ذیلی ادارہ
ایسوسی ایٹڈ انوائرمنٹ اینڈ انرجی
ایپی کیور FZCO

ب) "**مزید قرارداد کی گئی ہے کہ** کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ، جن میں اکثریتی ڈائریکٹرز کا مفاد شامل ہے 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال اور آئندہ سالانہ عام اجلاس تک کیے گئے اور کیے جانے والے لین دین کی کیس ٹو کیس بنیاد پر، منظوری دے سکیں جن میں اوپر نامزد متعلقہ فریقین بھی شامل ہیں۔"

ج) "**مزید قرارداد کی گئی ہے کہ** بورڈ کی جانب سے مذکورہ بالا لین دین کی منظوری کو شیئر ہولڈرز کی منظوری تصور کیا جائے گا اور 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال، کے لیے کیے گئے یہ لین دین آئندہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کے سامنے باقاعدہ توثیق/منظوری کے لیے پیش کیے جائیں گے۔"

۸۔ **کمپنی کے ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کے آرٹیکل 62 میں ترمیم کے لیے درج ذیل کو ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے، خصوصی قرارداد کے طور پر غور کرنا اور، اگر موزوں سمجھا جائے، منظور کرنا:**

مزید قرارداد کی گئی ہے کہ کمپنی کے ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کے موجودہ آرٹیکل 62 میں ترمیم کر کے اسے مندرجہ ذیل شق سے تبدیل کر دیا جائے:

"چیف ایگزیکٹو اور کل وقتی خدمات انجام دینے والے ڈائریکٹر کے علاوہ ہر ڈائریکٹر، ڈائریکٹرز کے اجلاس، بشمول کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے ایسی فیس کا حقدار ہوگا جو بورڈ آف ڈائریکٹرز وقتاً فوقتاً مقرر کرے۔ بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز، بشمول آزاد ڈائریکٹر، اور چیئرمین کو وقتاً فوقتاً ادا کیے جانے والے معاوضے کی شرح ڈائریکٹرز کے معاوضے کی پالیسی کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کی جائے گی۔ اجلاس میں شرکت کے لیے ڈائریکٹر کی جانب سے کیے جانے والے اخراجات کمپنی کی طرف سے ادا کیے جائیں گے۔ ڈائریکٹرز کی جانب سے انجام دی جانے والی اضافی خدمات کا معاوضہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کیا جائے گا۔"

مزید قرارداد کی گئی ہے کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/یا کمپنی سیکریٹری کو انفرادی طور پر مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے اور تمام کارپوریٹ، قانونی اور ریگولیٹری کارروائیاں مکمل کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

دیگر امور

۹۔ چیئر کی اجازت سے کسی اور معاملے کو زیر غور لانا۔

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن (۳) ۱۳۴ کے تحت ایجنڈا آئٹم نمبر ۵، ۶، ۷ اور ۸ میں شامل خصوصی امور کے حوالے سے بیانات اراکین کو بھیجے جانے والے نوٹس کے ساتھ منسلک ہیں۔

بحکم بورڈ
فضل الرحمٰن حاجانو
کمپنی سیکریٹری

کراچی 15 اکتوبر 2026

نوٹس:

۱۔ **کھاتوں کی بندش کا نوٹس**

کمپنی کے حصص کی منتقلی کے کھاتے ۱۹ اکتوبر ۲۰۲۶ سے ۲۶ اکتوبر ۲۰۲۶ تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گے۔ ترتیب سے موصول ہونے والے وہ ٹرانسفرز جو ہمارے کمپنی کے شیئر رجسٹرار سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، بی-۹۹، بلاک 'بی'، ایس، ایم، سی، ایچ، ایس، شاہراہ فیصل، کراچی-۷۴۴۰۰ کے دفتر میں ۱۹ اکتوبر ۲۰۲۶ کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہوں گے انہی حصص یافتگان کو انکے استحقاق کے تعین اور اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

۲۔ **ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام (AGM) کی کارروائی میں شرکت**

اجلاس میں فزیکل شرکت کے علاوہ، کمپنی سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے مطلع کردہ سرکلرز کے مطابق ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے اپنا سالانہ اجلاس عام بھی منعقد کرے گی۔ اس سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے کے خواہشمند ممبران/پراکسیز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ بلد از جلد cdcsr@cdcsrsl.com پر ای میل یا واٹس ایپ نمبر 0321-8200864 پر درج ذیل تفصیلات فراہم کر کے خود کو کمپنی کے ساتھ رجسٹر کرائیں۔

شیئر ہولڈر کا نام	کمپنی کا نام	فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	سی این آئی سی نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس
	نیشنل فوڈز لمیٹڈ				

آن لائن اجلاس کے لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ان ممبران کو فراہم کردی جائیں گی جو درج بالا کے مطابق اپنے تمام مطلوبہ کوائف اجلاس میں شرکت کے ارادے کی اطلاع کے ساتھ ۱۹ اکتوبر ۲۰۲۶ تک فراہم کردیں گے۔

ممبران سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈا آئٹمز کے لیے اپنے تبصرے اور سوالات ای میل: corporate.secretary@nfoods.com پر بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

کمپنی اجلاس کے حوالے سے کسی بھی متعلقہ اپ ڈیٹس سے آگاہ کرے گی، بشمول سالانہ اجلاس عام کے نوٹس میں بیان کردہ انتظامات میں کسی بھی تبدیلی کا اعلان جو ریگولیٹری انفارمیشن سروس (PUCAR) کے ذریعے کیا جائے گا اور یہ https://www.nfoods.com پر دستیاب ہوگا۔

۳۔ **پراکسی کی تقرری اور ای-ڈیویڈنڈ کے لیے CNIC/NTN کی فراہمی**

ممبران سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے ممبر کو بطور پراکسی (نمائندہ) مقرر کر سکتے ہیں۔ ایک پراکسی فارم، جس پر صحیح طریقے سے دستخط کیے گئے ہوں اور شیئر ہولڈر کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی کے ساتھ، میٹنگ سے کم از کم 48 گھنٹے قبل رجسٹرڈ آفس میں جمع کرانا ضروری ہے۔ پراکسیوں کو اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کارپوریٹ اداروں کو بورڈ کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی فراہم کرنا چاہیے۔

SECP اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کے مطابق، CNIC/NTN ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے لیے لازمی ہے۔ فزیکل شیئرز والے شیئر ہولڈرز کو شیئر رجسٹرار کو درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور اپ ڈیٹ ایڈریس فراہم کرنا چاہیے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو اپنے شرکاء کو ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ جمع کروانا چاہیے۔ کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو NTN اور مجاز نمائندے کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ بھی فراہم کرنا ضروری ہے۔

فارمز www.nfoods.com پر دستیاب ہیں۔

۴۔ **شیئر ہولڈرز کے لیے زکوٰۃ اور ود ہولڈنگ ٹیکس کی ضروریات**

زکوٰۃ و عشر آرڈیننس، 1980 کے تحت زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ کا دعویٰ کرنے کیلئے حصص یافتگان کو 200/روپے کے نان جوڈیشل اسٹیمپ پیپر پر ایک نوٹرائزڈ CZ-50 فارم شیئر رجسٹرار کو جمع کرانا چاہیے۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز لازمی طور پر فارم کو اپنے پارٹیسپنٹ/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ذریعے اپ لوڈ کروا دیں۔ غیر مسلم شیئر ہولڈرز کو لازمی طور پر شیئر رجسٹرار یا سی ڈی سی کو ایک حلف نامہ (Solemn Affirmation) [کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب] جمع کرانا ہوگا، جیسا کہ قابل اطلاق ہے۔ مکمل اور بروقت دستاویزات کے بغیر استثنیٰ نہیں دیا جائے گا۔

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ڈیویڈنڈ کی آمدنی ود ہولڈنگ ٹیکس سے مشروط ہے۔ ایکٹو ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) میں شامل نہ ہونے والے شیئر ہولڈرز پر زیادہ شرح سے ٹیکس عائد کیا جائے گا۔ مشترکہ شیئر ہولڈنگ کی صورت میں، ہر شیئر ہولڈر کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کے مطابق ٹیکس لیا جائے گا۔ شیئر ہولڈرز کو شیئر رجسٹرار کو درج ذیل تفصیلات فراہم کرنی ہوں گی۔

فولیو/سی ڈی ایس	ٹوٹل	پرنسپل شیئر ہولڈر		جوائنٹ شیئر ہولڈر	
اکاؤنٹ نمبر	شیئرز	نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)

نوٹس:

- اگر کوئی اطلاع موصول نہیں ہوتی ہے تو ٹیکس کٹوتی کے لیے مساوی تناسب فرض کیا جائے گا۔
- **کارپوریٹ شیئرز** ہولڈرز کو یقینی بنانا چاہیے کہ ان کا **نیشنل ٹیکس نمبر** سی ڈی سی کے پاس **اپ ڈیٹ** ہو یا اپنے فولیو نمبر کا حوالہ دیتے ہوئے شیئر رجسٹرار کو ایک کاپی جمع کرائیں۔
- ٹیکس سے استثنیٰ کے لئے استثنیٰ کے **سرٹیفکیٹس ۱۹ اکتوبر ۲۰۲۶** یا اس سے قبل شیئر رجسٹرار کو جمع کرائے جائیں۔

غیر مقامی حصص یافتگان کو بھی اپنے درست پاسپورٹ کی ایک نقل کے ساتھ (انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 82 کے مطابق) شیئر رجسٹرار کو یا info@cdcsrsl.com پر ای میل کے ذریعے ۱۹ اکتوبر ۲۰۲۶ تک ایک انڈرٹیکنگ جمع کرانا چاہیے۔ اعلامیہ فارم www.nfoods.com پر دستیاب ہے۔

سوالات کے لیے، رابطہ کریں:

کمپنی:	corporate.secretary@nfoods.com
شیئر رجسٹرار:	info@cdcsrsl.com

۵۔ **غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/حصص**

شیئر ہولڈرز جنہوں نے کسی بھی وجہ سے اپنا ڈیویڈنڈ/شیئرز (اگر کوئی ہیں) ابھی تک کلیم نہیں کیے، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار: میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، بی-۹۹، بلاک 'بی'، ایس، ایم، سی، ایچ، ایس، شاہراہ فیصل، کراچی-۷۴۴۰۰ سے رابطہ کریں تاکہ وہ اپنے غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈ/شیئرز کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں یا انہیں وصول کر سکیں۔

۶۔ **پوسٹل بیلٹ/ای ووٹنگ**

ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ضوابط، 2018، جو کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے نوٹیفکیشن نمبر 2025/(I)451 مورخہ 13 مارچ 2025 کے ذریعے ترمیم شدہ ہیں، کے تحت SECP نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ہر خصوصی کاروبار پر صرف پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کروائیں، اور تمام ایسے معاملات پر جو "خصوصی کاروبار" کے زمرے میں آتے ہیں، اراکین کو الیکٹرانک ووٹنگ اور ووٹ بذریعہ ڈاک کی سہولت فراہم کریں۔

لہٰذا، نیشنل فوڈز لمیٹڈ کے اراکین کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ اپنی آئندہ سالانہ عمومی اجلاس، جو کہ پیر، ۲۶ اکتوبر ۲۰۲۶ کو صبح 10:00 بجے منعقد ہوگی، میں شامل "خصوصی کاروبار" پر اپنی رائے کا اظہار ای ووٹنگ یا ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے ذریعے کر سکیں، جیسا کہ مذکورہ بالا قواعد وضوابط میں درج شرائط کے مطابق اجازت دی گئی ہے۔

۷۔ **سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کے لیے ضابطہ اخلاق:**

I۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 ("ایکٹ") کا سیکشن 215 اور کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کا ضابطہ 55، میٹنگز میں شیئر ہولڈرز کا طرز عمل مندرجہ ذیل بیان کرتا ہے:

i) ایسا مواد نہیں لایا جائے گا جس سے شرکا یا احاطے کو خطرہ ہو جہاں اجلاس ہو رہا ہو۔
ii) میٹنگ کے نوٹس میں شامل ایجنڈا آئٹم تک خود کو محدود رکھیں گے۔
iii) تبصرے اور بحث کو کمپنی کے معاملات تک محدود رکھیں گے۔ اور
iv) کسی سیاسی وابستگی کو ظاہر کرنے یا دوسرے اراکین کی مذہبی حساسیت کو مجروح کرنے کے طریقے سے کام نہیں کریں گے۔

مزید برآں کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 185 اور ایس آر او 2025/(I)452 مورخہ 17 مارچ 2025 کو ایس ای سی پی کی طرف سے جاری کیا گیا، یہ مطلع کیا جاتا ہے کہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کو کسی بھی شکل یا انداز میں کوئی تحفہ تقسیم نہیں کیا جائے گا۔

۸۔ **سالانہ مالیاتی گوشواروں کی دستیابی اور رپورٹس کی الیکٹرانک ترسیل**

سالانہ رپورٹ برائے سال 2025 سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ ان ممبران جنہوں نے SECP کے جاری کردہ ایس آر او 2025/(I)452 کے مطابق اپنے ای میل ایڈریس فراہم کیے ہیں کو بھیجی جارہی ہے۔ شیئر ہولڈرز کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو اپنا ای میل ایڈریس بھیجیں/اپ ڈیٹ کروائیں۔

۹۔ **فزیکل شیئرز اور لازمی رجسٹریشن کی تفصیلات کی تبدیلی**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 اور ایس ای سی پی کی 26 مارچ 2021 کی ہدایت کی تعمیل میں، فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو انہیں بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا ہوگا۔ ایسا کرنے کے لیے شیئر ہولڈرز کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ ایک بروکر کے ساتھ CDC ذیلی اکاؤنٹ یا CDC کے ساتھ ایک سرمایہ کار اکاؤنٹ کھولیں۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے تحت فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ کی مزید اجازت نہیں ہے، اور الیکٹرانک کنورژن محفوظ تحویل اور تجارت کو یقینی بناتا ہے۔

مزید برآں، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 119 اور کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کے ضابطے 47 کی ضرورت کے تحت، فزیکل شیئر ہولڈرز لازمی طور پر اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، پتہ، ای میل، رابطہ نمبر، اور IBAN شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں تاکہ تعمیل کو یقینی بنایا جا سکے اور مستقبل میں کسی قسم کی زحمت سے بچا جا سکے، ان معلومات کی بروقت فراہمی، کمپنی کے ریکارڈ اپ ڈیٹ کرنے میں معاون ہوگی اور ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے عمل کو بھی آسان بنائے گی۔

شیئرز کی سی ڈی سی میں منتقلی کے لیے رہنمائی کے اصول درج ذیل ویب سائٹ لنک پر دستیاب ہیں: https://www.cdcsrsl.com/?jet_download=7429

۱۰۔ **UBO کے انکشاف کے تقاضے**

کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کے ضابطے 9 اور ایس آر او 2025/(I)1356 کی تعمیل میں، کمپنی کے ہر ایسے شیئر ہولڈر جو کمپنی میں **کم از کم پانچ فیصد (5%)** شیئرز یا ووٹنگ رائٹس کا مالک ہو، اور کسی بھی قانونی شخص یا قانونی معاہدے کے ایسے نمائندے کو جو اس حد تک مفاد رکھتا ہو کیلئے لازم ہے کہ وہ اپنا "حتمی مستفید ملکیت (UBO-Ultimate Beneficial Owner)" کا ڈیکلریشن جمع کروائے یا پہلے سے جمع شدہ معلومات کو اپ ڈیٹ کریں۔

اس مقصد کے لیے، وہ حقیقی شخص جو براہ راست یا بالواسطہ طور پر کمپنی کے **25 فیصد** یا اس سے زائد شیئرز یا ووٹنگ رائٹس کا مالک یا کنٹرول رکھتا ہو، UBO تصور کیا جائے گا۔

UBO ڈیکلریشن کے لیے مقررہ **فارم 17** کمپنی کی ویب سائٹ http://www.nfoods.com پر دستیاب ہے، جسے مکمل کر کے یا تو corporate.secretary@nfoods.com پر ای میل کے ذریعے یا کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرایا جائے گا تاکہ قانونی تقاضوں کی تعمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، یہ فارم کمپنی کے لیٹر ہیڈ پر صحیح طریقے پرنٹ ہو، اور مجاز افسر سے دستخط شدہ ہو۔

UBO فارم بروقت جمع نہ کروانے یا بالکل بھی جمع نہ کروانے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 452 کے تحت ریگولیٹری کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

۱۱۔ **خصوصی کاروبار پر پولنگ:**

نیشنل فوڈز لمیٹڈ ("کمپنی") کے ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018، جو کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے مورخہ 5 دسمبر 2022 کو جاری کردہ نوٹیفکیشن کے تحت ترمیم شدہ ہیں، کے مطابق SECP نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ "خصوصی امور" (Special Business) کے تمام معاملات پر ممبران کو الیکٹرانک ووٹنگ اور ووٹ بذریعہ ڈاک کی سہولت فراہم کریں۔

اسی کے پیش نظر نیشنل فوڈز لمیٹڈ کے اراکین کو یہ سہولت فراہم کی جائے گی کہ وہ اپنی سالانہ عمومی اجلاس، جو کہ پیر، ۲۶ اکتوبر ۲۰۲۶ کو صبح 10:00 بجے منعقد ہوگا، میں شامل خصوصی امور پر ای ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ کاسٹ کر سکیں، جو مذکورہ ریگولیشنز میں بیان کردہ شرائط و ضوابط کے مطابق لازم ہے۔

ممبران کی سہولت کے لیے، بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے جسے نیچے دیے گئے لنک سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے: https://www.nfoods.com/

ا) **ای ووٹنگ کا طریقہ کار:**

i۔ ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کے ساتھ ایک ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے پاس ۱۹ اکتوبر ۲۰۲۶ کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں ان کے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، سیل نمبر، اور ای میل ایڈریس دستیاب ہونگے۔

ii۔ ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، اور پاس ورڈ، ای میل کے ذریعے اراکین کو مطلع کیا جائے گا۔ سیکیورٹی کوڈز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ویب پورٹل (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) سے ایس ایم ایس کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے۔

iii۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے ممبران کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

iv۔ ای ووٹنگ لائنیں ۲۱ اکتوبر ۲۰۲۶، صبح 09:00 بجے سے شروع ہوں گی اور ۲۵ اکتوبر ۲۰۲۶ کو شام 5:00 بجے بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی ممبر کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد، اسے بعد میں اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

ب) **پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار:**

ممبر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی ایک کاپی کے ساتھ صحیح طریقے سے بھرا ہوا اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر کمپنی سیکریٹری تک بذریعہ ڈاک 12/CL-6، کلیر مونٹ روڈ، سول لائنز، کراچی، پاکستان، یا ای میل کے ذریعے corporate.secretary@nfoods.com پر، کم از کم ایک ورکنگ دن قبل یعنی ۲۳ اکتوبر ۲۰۲۶ کو دفتری اوقات کے، دوران موصول ہو جائے۔

۱۲۔ **دیگر شہروں میں ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت**

اگر کمپنی کے وہ ممبران جو کل ادا شدہ سرمایہ کا دس فیصد (10%) یا ایسا کوئی اور تناسب جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے مخصوص کیا گیا ہو، رکھتے ہوں اور وہ کسی دوسرے شہر میں مقیم ہوں، تو ایسی صورت میں کمپنی ان ممبران کو ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے سالانہ عام اجلاس میں شرکت کی سہولت فراہم کرے گی، بشرطیکہ ایسے ممبران اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل تحریری طور پر کمپنی کو اس حوالے سے مطلع کریں۔

کمپنی ایسے اراکین کو اجلاس کی تاریخ سے کم از کم پانچ (5) دن پہلے ویڈیو کانفرنسنگ کے مقام اور تمام ضروری معلومات سے آگاہ کرے گی تاکہ وہ اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔

ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے لیے رضامندی

میں/ہم، رجسٹرڈ فولیو نمبر کے مطابق نیشنل فوڈز لمیٹڈ کے عام حصص (شیئرز) کے رکن ہونے کے ناطے ________ 20 اکتوبر 2025 کو منعقد ہونے والے سالانہ عام اجلاس یا کسی ملتوی اجلاس میں ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے شرکت کا انتخاب کرتے ہیں ________ پر
(براہ کرم شہر کا نام درج کریں)

____
ممبر کے دستخط

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت بیانات

ایجنڈا آئٹم نمبر 5، 6، 7 اور 8 میں شامل خصوصی کاروبار سے متعلق کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت مطلوبہ بیانات، اراکین کو ارسال کیے جانے والے نوٹس کے ساتھ منسلک ہیں۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 5:

خصوصی قراردادیں — حصص کی تقسیم اور میمورنڈم وایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کی کیپٹل شقوں میں ترامیم

مذکورہ بیان نیشنل فوڈز لمیٹڈ (آئندہ "کمپنی" کہا جائے گا) کی 26 اکتوبر 2026 کو منعقد ہونے والی 55ویں سالانہ اجلاس عام میں زیر غور لائے جانے والے خصوصی کاروبار سے متعلق اہم حقائق بیان کرتا ہے۔

کمپنی کا سبسکرائب شدہ اور ادا شدہ سرمایہ 233,115,425 عام حصص پر مشتمل ہے، جن میں سے ہر حصص کی ظاہری مالیت 5 روپے ہے۔ کمپنی کے حصص کی مارکیٹ قیمت ان کی ظاہری مالیت کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ ہے، جس کے باعث یہ حصص ریٹیل اور انفرادی سرمایہ کاروں کے لیے نسبتاً کم قابل رسائی ہیں۔ چنانچہ کمپنی کے حصص کی مارکیٹ میں لیکویڈیٹی بڑھانے اور شیئر ہولڈرز کی بنیاد کو وسیع کرنے کے مقصد سے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے حصص کے سرمائے کو تقسیم کرنے کی تجویز دی ہے، جس کے تحت ہر عام حصص کی ظاہری مالیت 5 روپے سے کم کر کے 1 روپیہ کر دی جائے گی۔

چنانچہ، مجوزہ تقسیم پر عمل درآمد کے بعد، کمپنی کے شیئر ہولڈرز مؤثر تاریخ، جس کا اعلان کمپنی کی جانب سے کیا جائے گا، کو ان کے نام پر موجود ہر ایک (1) عام حصص، جس کی ظاہری مالیت 5 روپے ہے، کے عوض 1 روپے کی ظاہری مالیت کے پانچ (5) عام حصص حاصل کرنے کے حقدار ہوں گے۔

مجوزہ تقسیم کے نتیجے میں جاری ہونے والے حصص تمام اعتبار سے موجودہ حصص کے مساوی درجہ رکھتے ہوں گے اور ایسے حصص سے منسلک حقوق اور مراعات میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ تقسیم شدہ حصص، حسب اطلاق، فزیکل یا الیکٹرانک صورت میں مؤثر تاریخ کو ہر شیئر ہولڈر کے متعلقہ استحقاق کے تناسب سے جاری/اس کے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کیے جائیں گے۔

مجوزہ تقسیم کے نتیجے میں کمپنی کے کل مجاز، جاری شدہ یا ادا شدہ حصص کے سرمائے کی مالیاتی مالیت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ اس کے نتیجے میں صرف عام حصص کی تعداد میں اضافہ ہوگا اور ہر حصص کی ظاہری مالیت 5 روپے سے کم ہو کر 1 روپیہ ہو جائے گی۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے حصص کی مجوزہ تقسیم کی منظوری دے دی ہے اور اسے کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 85(1)(c) کے تحت خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کرنے کی سفارش کی ہے۔

میمورنڈم اور ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز میں نتیجتاً ترامیم

حصص کی مجوزہ تقسیم اور اس کے نتیجے میں عام حصص کی مالیت 5 روپے سے کم ہو کر 1 روپیہ فی حصص ہونے کے باعث، کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی موجودہ شق V اور ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کا آرٹیکل 4، جن میں اس وقت مجاز سرمایہ کو 5 روپے فی حصص کے حساب سے تقسیم کرنے کی وضاحت کی گئی ہے، میں ترمیم کرنا ضروری ہے تاکہ عام حصص کی نظرثانی شدہ مالیت، یعنی 1 روپیہ فی حصص، کی عکاسی کی جا سکے۔

مجوزہ ترامیم نتیجتاً ہونے والی نوعیت کی ہیں اور ان کے نتیجے میں کمپنی کے کل مجاز حصص کے سرمائے کی مالیاتی مالیت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے تصدیق کی ہے کہ میمورنڈم اور ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز میں مجوزہ ترامیم کمپنیز ایکٹ، 2017 کی قابل اطلاق دفعات اور متعلقہ ریگولیٹری فریم ورک کے عین مطابق ہیں۔

میمورنڈم اور ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز میں موجودہ اور مجوزہ ترامیم کا تقابلی جائزہ

الف۔ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن — شق V

موجودہ شق V	مجوزہ/نئی شق V
کمپنی کا مجاز سرمایہ 5,000,000,000 روپے (پانچ ارب روپے) ہے، جو 1,000,000,000 (ایک ارب) عام حصص پر مشتمل ہے، جن میں سے ہر ایک کی ظاہری مالیت 5 روپے ہے، اور کمپنی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنی صوابدید کے مطابق اس سرمائے میں اضافہ یا کمی کر سکے۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات کے مطابق کمپنی اپنے حصص یا ان میں سے کسی بھی حصے کو تقسیم یا یکجا کر سکتی ہے۔	کمپنی کا مجاز سرمایہ 5,000,000,000 روپے (پانچ ارب روپے) ہے، جو 5,000,000,000 (پانچ ارب) عام حصص پر مشتمل ہے، جن میں سے ہر ایک کی ظاہری مالیت 1 روپیہ (ایک روپیہ) ہے، اور کمپنی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنی صوابدید کے مطابق اس سرمائے میں اضافہ یا کمی کر سکے۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات کے مطابق کمپنی اپنے حصص یا ان میں سے کسی بھی حصے کو تقسیم یا یکجا کر سکتی ہے۔

ب۔ ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز — آرٹیکل 4

موجودہ آرٹیکل 4	مجوزہ/نئی شق V
4۔ کمپنی کا مجاز سرمایہ وہ رقم ہے جو کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V میں درج ہے، اور یہ اتنی تعداد میں حصص میں تقسیم ہوگا، جن میں سے ہر ایک کی ظاہری مالیت 5 روپے (پانچ روپے) ہوگی، جیسا کہ میمورنڈم کی مذکورہ شق میں بیان کیا گیا ہے۔	"4"۔ کمپنی کا مجاز سرمایہ وہ رقم ہے جو کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V میں درج ہے، اور یہ اتنی تعداد میں حصص میں تقسیم ہوگا، جن میں سے ہر ایک کی ظاہری مالیت 1 روپیہ (ایک روپیہ) ہوگی، جیسا کہ میمورنڈم کی مذکورہ شق میں بیان کیا گیا ہے۔"

خصوصی قرارداد کی سالانہ جنرل میٹنگ میں منظوری سے مشروط، کمپنی مؤثر تاریخ سے تقسیم شدہ حصص کے لیے شیئر ہولڈرز کے استحقاق کے تعین کی غرض سے بک کلوزر کا اعلان کرے گی۔ چنانچہ مؤثر تاریخ سے فوراً قبل 5 روپے فی حصص کی ظاہری مالیت رکھنے والے ہر شیئر ہولڈر کو تقسیم کے نفاذ کے بعد 1 روپیہ فی حصص کی ظاہری مالیت کے پانچ (5) عام حصص حاصل کرنے کا حق ہوگا، جبکہ کمپنی میں شیئر ہولڈر کی متناسب ملکیت یا حقوق میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

ڈائریکٹرز کے مفاد کا انکشاف

کمپنی کے ڈائریکٹرز کا مجوزہ قراردادوں میں کوئی ذاتی مفاد نہیں ہے، سوائے اس حد تک کہ کمپنی میں ان کی متعلقہ شیئر ہولڈنگ ہے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 6

ایپی کیور دبئی کموڈیٹیز سینٹر ایف زیڈ سی او کو سرمایہ کاری کے مشیر اور ایم اینڈ اے لین دین کے مشیر/سہولت کار کے طور پر دی گئی ذمہ داری کے ضمیمے کی منظوری اور توثیق کے لیے خصوصی قرارداد

نیشنل فوڈز - ایف زیڈ سی او (NF FZCO) نے ایپی کیور - ایف زیڈ سی او (Epicure - FZCO) کو ایم اینڈ اے لین دین سے متعلق مشاورتی خدمات فراہم کرنے کے لیے مقرر کیا تھا۔ یہ ایم اینڈ اے لین دین سے متعلق مشاورتی کردار، این ای آئی کینیڈا (NEI Canada) کی تکمیل نو کے تناظر میں، 15 ستمبر 2025 کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے خصوصی قرارداد کے ذریعے باقاعدہ طور پر منظور کیا گیا تھا۔ اس کے بعد، ایپی کیور ایف زیڈ سی او نے شیئر ہولڈرز کے مفاد میں مذکورہ لین دین کو کامیابی سے مکمل کیا۔

مندرجہ بالا کے پیش نظر، NF FZCO اور Epicure - FZCO کے درمیان باقاعدہ طور پر طے پانے والا ضمیمہ اب فریقین کے درمیان اس ذمہ داری کو مزید واضح طور پر بیان کرتا ہے، جس کے تحت مزید سرمایہ کاری سے متعلق مشاورتی اور سہولت کاری کی خدمات فراہم کی جائیں گی۔ مزید برآں، ایم اینڈ اے لین دین سے متعلق مشاورتی اور سہولت کاری کا کردار بھی مسلسل بنیادوں پر جاری رہے گا۔

چونکہ NF FZCO اور Epicure - FZCO کے ڈائریکٹرز مشترک ہیں، اس لیے یہ ذمہ داری متحدہ عرب امارات میں متعلقہ فریق کے ساتھ لین دین ("RPT") تصور ہوتی ہے۔

کمپنی اب شیئر ہولڈرز سے مذکورہ بالا پہلے سے منظور شدہ انتظام کے ضمیمے کی منظوری اور توثیق حاصل کرنے کی تجویز رکھتی ہے، جس کے تحت Epicure - FZCO اضافی طور پر سرمایہ کاری سے متعلق مشاورتی/سہولت کاری اور دیگر خدمات فراہم کرے گا۔ ضمیمے میں درج ذیل امور شامل ہیں:

1۔ ایم اینڈ اے لین دین سے متعلق مشاورتی اور سہولت کاری کی خدمات کا تسلسل؛
2۔ سرمایہ کاری سے متعلق مشاورتی اور سہولت کاری کی خدمات، جن میں، تاہم صرف انہی تک محدود نہیں، سرمایہ کاری اور کارپوریٹ حکمت عملی سے متعلق خدمات، نیز NF FZCO کے غور وخوض کے لیے سرمایہ کاری کے مواقع کی نشاندہی اور ان کی ابتدائی جانچ شامل ہے۔
3۔ حصول کے بعد کاروباری استحکام، انضمام اور ترقی سے متعلق خدمات، جب اور جہاں قابل اطلاق ہوں۔

مذکورہ ذمہ داری کو آزاد فریقوں کے درمیان مروجہ بنیاد (arm's-length basis) پر اور قابل اطلاق ٹرانسفر پرائسنگ کے تقاضوں کے مطابق انجام دینے کا ارادہ ہے۔

چونکہ کمپنی کے بعض ڈائریکٹرز براہ راست یا بالواسطہ طور پر اس لین دین میں مفاد رکھتے ہیں، اس لیے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 207 کے ساتھ پڑھی جانے والی دفعہ 208 کے تحت خصوصی قرارداد منظور کر کے مجوزہ ضمیمے کی منظوری اور توثیق کریں۔

کمپنیز (متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین اور متعلقہ ریکارڈز کی دیکھ بھال) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 5 کے تحت معلومات کا انکشاف [S.R.O. نمبر 1194(I)/2018 مورخہ 2 اکتوبر 2018]

تفصیل	انکشافات
الف) متعلقہ فریق کا نام	ایپی کیور - ایف زیڈ سی او
ب) مفاد رکھنے والے یا متعلقہ ڈائریکٹرز کے نام	جناب زاہد مجید اور جناب ابرار حسن، NF FZCO اور Epicure FZCO کے مشترکہ ڈائریکٹرز ہونے کی حیثیت سے مفاد رکھتے ہیں۔ جناب آدم فنی مجید، جناب زاہد مجید کے صاحبزادے ہونے کی بنا پر، جبکہ جناب محمد حمزہ حسن، جناب ابرار حسن کے صاحبزادے ہونے کی بنا پر مفاد رکھتے ہیں۔
ج) تعلق، مفاد یا وابستگی کی نوعیت، نیز متعلقہ فریق میں ڈائریکٹرز، مینیجرز یا کلیدی انتظامی عہدیداران کے مالی یا دیگر مفاد یا وابستگی کی مکمل تفصیلات	مذکورہ مفاد NF FZCO اور Epicure FZCO میں جناب زاہد مجید اور جناب ابرار حسن کی مشترکہ ڈائریکٹرشپس اور مذکورہ بالا خاندانی تعلقات کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔
د) لین دین کی تفصیلات، نوعیت، شرائط و ضوابط	مجوزہ ضمیمے کے تحت، EEpicure FZCO اپنے ایم اینڈ اے مشیر/سہولت کار کے کردار کے علاوہ سرمایہ کاری سے متعلق مشاورتی اور دیگر خدمات بھی فراہم کرے گا۔ ضمیمے میں درج ذیل امور شامل ہیں: 1۔ ایم اینڈ اے سے متعلق مشاورتی اور سہولت کاری کی خدمات کا تسلسل؛ 2۔ سرمایہ کاری سے متعلق مشاورتی اور سہولت کاری کی خدمات، جن میں، تاہم صرف انہی تک محدود نہیں، سرمایہ کاری اور کارپوریٹ حکمتِ عملی سے متعلق خدمات، نیز FZCONF کے غور وخوض کے لیے سرمایہ کاری کے مواقع کی نشاندہی اور ان کی ابتدائی جانچ شامل ہے؛ 3۔ حصول کے بعد کاروباری استحکام، انضمام اور ترقی سے متعلق خدمات۔
ہ) لین دین کی رقم	مالی سال 2027 کے لیے سرمایہ کاری سے متعلق مشاورتی خدمات کی مجوزہ فیس 400,000 امریکی ڈالر ہے۔ مجوزہ ضمیمے کے تحت یہ سالانہ ریٹینر فیس صرف 10 فیصد سالانہ کے حساب سے تین (3) سال کی مدت کے لیے بڑھائی جائے گی۔ مزید برآں، ایم اینڈ اے لین دین سے متعلق مشاورتی خدمات ہر کیس کی بنیاد پر فراہم کی جائیں گی، جن کی فیس کی اشاراتی حد 2 فیصد سے 8 فیصد کے درمیان ہوگی، جس کی مزید تصدیق آزاد ٹرانسفر پرائسنگ اسٹڈیز کے ذریعے کی جائے گی۔ حصول کے بعد انضمام اور کاروباری ترقی سے متعلق خدمات کی فیس، جہاں اور جب قابل اطلاق ہو، بینچ مارکنگ اور/یا ٹرانسفر پرائسنگ اسٹڈی کے ذریعے طے کی جائے گی۔
و) لین دین، معاہدے یا انتظام کی مدت یا دورانیہ	ضمیمے کی مدت تین (3) سال ہوگی۔
ز) قیمتوں کے تعین کی پالیسی	مذکورہ ذمہ داری کو آزاد فریقوں کے درمیان مروجہ بنیاد پر اور قابل اطلاق ٹرانسفر پرائسنگ کے تقاضوں کے مطابق انجام دینے کا ارادہ ہے۔
ح) آڈٹ کمیٹی کی سفارشات	متعلقہ فریق کے ساتھ مذکورہ لین دین کو قابل اطلاق قوانین کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز اور شیئر ہولڈرز کے سامنے منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔
ط) شیئر ہولڈرز کو متعلقہ فریق کے ساتھ لین دین کی منظوری کے بارے میں باخبر فیصلہ کرنے کے لیے درکار کوئی دیگر متعلقہ اور اہم معلومات	مجوزہ ضمیمہ، Epicure FZCO کو ایم اینڈ اے مشیر کے طور پر مسلسل خدمات کی فراہمی سے متعلق ہے، جس کی شیئر ہولڈرز پہلے ہی منظوری دے چکے ہیں۔

دستاویزات کا معائنہ

خصوصی کاروبار سے متعلق دستاویزات، بشمول مجوزہ ضمیمہ (Addendum) اور دیگر متعلقہ معاون دستاویزات، اس نوٹس کے اجراء کی تاریخ سے سالانہ اجلاس عام کی تاریخ تک شیئر ہولڈرز کے معائنے کے لیے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں معمول کے کاروباری اوقات، یعنی پیر سے جمعہ صبح 9:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک، دستیاب رہیں گی۔

معائنے کے لیے دستیاب دستاویزات کی فہرست

درج ذیل دستاویزات شیئر ہولڈرز کے معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی:

1۔ Epicure FZCO کے ساتھ معاہدے/ذمہ داری سے متعلق مجوزہ ضمیمہ (Addendum)؛ اور
2۔ مجوزہ ضمیمے سے متعلق دیگر متعلقہ دستاویزات، اگر قابل اطلاق ہوں۔

ڈائریکٹرز کے مفاد کا انکشاف

جناب زاہد مجید اور جناب ابرار حسن، NF FZCO اور Epicure FZCO میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپس کی بنا پر ایجنڈا آئٹم میں مفاد رکھتے ہیں۔ جناب آدم فنی مجید، جناب زاہد مجید کے صاحبزادے ہونے کی بنا پر، جبکہ جناب محمد حمزہ حسن، جناب ابرار حسن کے صاحبزادے ہونے کی بنا پر مفاد رکھتے ہیں۔ چنانچہ، مفاد رکھنے والے ڈائریکٹرز قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کے تحت مطلوبہ حد تک مذکورہ معاملے پر غور وخوض یا ووٹنگ میں حصہ نہیں لیں گے۔ بورڈ سفارش کرتا ہے کہ شیئر ہولڈرز مجوزہ ضمیمے کی منظوری اور توثیق کریں۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 7:

خصوصی قراردادیں

(الف) **30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے گئے لین دین کی توثیق اور منظوری**

کمپنی معمول کے کاروباری امور کے دوران، متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین سے متعلق منظور شدہ پالیسی کے مطابق، متعلقہ فریقوں کے ساتھ آزاد فریقوں کے درمیان مروجہ بنیاد پر لین دین کرتی ہے۔ متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے جانے والے تمام لین دین کے لیے کمپنی کی بورڈ آڈٹ کمیٹی کی منظوری ضروری ہے، جس کی سربراہی کمپنی کا ایک آزاد ڈائریکٹر کرتا ہے۔ بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر ایسے لین دین منظوری کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں۔

تاہم لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 (کوڈ) کے ریگولیشن 15 کے تحت، ایسے متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کے لیے شیئر ہولڈرز کی منظوری ضروری ہے جن میں کمپنی کے اکثریتی ڈائریکٹرز مفاد رکھتے ہوں کمپنیز ایکٹ، 2017 (ایکٹ) کے تحت بھی ایسے متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کے لیے شیئر ہولڈرز کی منظوری درکار ہے جن میں اکثریتی ڈائریکٹرز مفاد رکھتے ہوں۔

مندرجہ بالا کے پیش نظر، مالی سال 30 جون 2026 کو ختم ہونے کے دوران معمول کے کاروباری امور میں متعلقہ فریقوں کے ساتھ آزاد فریقوں کے درمیان مروجہ بنیاد (BasisLength-s'Arm) پر کیے گئے درج ذیل لین دین، جن میں مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی وجہ سے کمپنی کے اکثریتی ڈائریکٹرز مفاد رکھتے ہیں، شیئر ہولڈرز کے سامنے ان کی توثیق اور منظوری کے لیے پیش کیے جا رہے ہیں۔

متعلقہ فریق کا نام	تعلق	لین دین کی نوعیت	رقم (ہزار روپے میں)	قیمت مقرر کرنے کی پالیسی
اے ٹی سی ہولڈنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ	پیرنٹ کمپنی	کرایہ کی آمدنی	3,535	غیر جانبدارانہ/منظور شدہ معاہدے کے تحت
اے ٹی سی ہولڈنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ	پیرنٹ کمپنی	اخراجات کی ادائیگی	9,847	غیر جانبدارانہ/منظور شدہ معاہدے کے تحت
اے ٹی سی ہولڈنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ	پیرنٹ کمپنی	اے ٹی سی کو اخراجات کی واپسی (کھانا پکانے، ڈرائیور اور گاڑی کی دیکھ بھال وغیرہ کے اخراجات)	3,290	غیر جانبدارانہ/منظور شدہ معاہدے کے تحت
نیشنل فوڈز FZCO	ذیلی کمپنی	اشیاء کی فروخت	2,738,129	غیر جانبدارانہ/منظور شدہ معاہدے کے تحت
نیشنل فوڈز FZCO	ذیلی کمپنی	اشیاء کی خریداری	859,309	غیر جانبدارانہ/منظور شدہ معاہدے کے تحت
ایسوسی ایٹڈ انوائرمنٹ اینڈ انرجی	ایسوسی ایٹ	ای ٹی پی پلانٹ کے لیے O&M سروسز کی خریداری	20,699	غیر جانبدارانہ/منظور شدہ معاہدے کے تحت
Epicure FZCO	ایسوسی ایٹ	لین دین سے متعلق مشاورتی فیس	2,422,954	غیر جانبدارانہ/منظور شدہ معاہدے کے تحت
Epicure FZCO	ایسوسی ایٹ	سالانہ ریٹینر شپ فیس	152,722	غیر جانبدارانہ/منظور شدہ معاہدے کے تحت
Epicure FZCO	ایسوسی ایٹ	اخراجات کی واپسی	126,113	غیر جانبدارانہ/منظور شدہ معاہدے کے تحت
Epicure FZCO	ایسوسی ایٹ	بورڈ مشاورتی فیس	82,322	غیر جانبدارانہ/منظور شدہ معاہدے کے تحت

(الف) اور (ج) 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران اور آئندہ سالانہ جنرل میٹنگ تک متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کی منظوری دینے کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دینا

کمپنی 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران اور اس کے بعد بھی، معمول کے کاروباری امور میں یا بصورت دیگر، "متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین" سے متعلق منظور شدہ پالیسی کے مطابق آزاد فریقوں کے درمیان مروجہ بنیاد پر اپنے متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کرتی رہے گی اور کرے گی۔

متعلقہ فریقوں کے ساتھ ایسے لین دین، جن میں اکثریتی ڈائریکٹرز مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور/یا حصص کی ملکیت کی وجہ سے مفاد رکھتے ہیں، شیئر ہولڈرز کی منظوری کے متقاضی ہیں۔ لہٰذا شیئر ہولڈرز سے منظوری طلب کی جا رہی ہے کہ وہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو ایسے تمام لین دین کی منظوری دینے کا اختیار دیں جن میں اکثریتی ڈائریکٹرز مفاد رکھتے ہیں اور جو 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران اور آئندہ سالانہ جنرل میٹنگ تک ایسے متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے گئے یا کیے جانے ہیں۔ ایسے تمام لین دین شیئر ہولڈرز کی جانب سے منظور شدہ تصور کیے جائیں گے۔

ایسے متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کی نوعیت اور دائرہ کار ایجنڈا کی شق (الف) کے تحت مذکورہ بالا بیان میں بیان کیا گیا ہے۔ 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران کیے جانے والے وہ متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین، جن کے لیے شیئر ہولڈرز کی منظوری درکار ہے، بعد ازاں آئندہ سالانہ جنرل میٹنگ میں شیئر ہولڈرز کے سامنے باقاعدہ منظوری/توثیق کے لیے پیش کیے جائیں گے۔

ڈائریکٹرز کے مفاد کا انکشاف:

جناب ابرار حسن، جناب محمد حمزہ حسن، جناب آدم فانی مجید اور جناب زاہد مجید، متعلقہ فریقوں میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور/یا حصص کی ملکیت کی حد تک اس ایجنڈا آئٹم میں مفاد رکھتے ہیں۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 8:

ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کے آرٹیکل 62 میں ترمیم سے متعلق خصوصی قرارداد

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کے آرٹیکل 62 میں ترمیم کی تجویز دی ہے تاکہ وقتاً فوقتاً میٹنگ فیس میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کا فیصلہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے کرنے میں سہولت حاصل ہو۔

ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کی موجودہ اور مجوزہ شقوں کا تقابلی بیان ذیل میں فراہم کیا گیا ہے:

آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن

موجودہ شق 62	مجوزہ/نئی شق 62
چیف ایگزیکٹو اور کل وقتی خدمات انجام دینے والے ڈائریکٹر کے علاوہ ہر ڈائریکٹر، ڈائریکٹرز کے اجلاس، بشمول کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے، ایسی فیس کا حقدار ہوگا جو بورڈ آف ڈائریکٹرز وقتاً فوقتاً مقرر کرے۔ غیر انتظامی ڈائریکٹر، بشمول آزاد ڈائریکٹر، اور چیئرمین کو بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے وقتاً فوقتاً ادا کی جانے والی معاوضے کی شرح بورڈ آف ڈائریکٹرز مقرر کرے گا اور سالانہ جنرل میٹنگ میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے پیشگی یا بعد از کارروائی منظوری حاصل کی جائے گی۔ اجلاس میں شرکت کے لیے کسی ڈائریکٹر کی جانب سے کیے جانے والے اخراجات کمپنی کی جانب سے واپس ادا کیے جائیں گے۔ ڈائریکٹرز کی جانب سے انجام دی جانے والی اضافی خدمات کا معاوضہ بورڈ آف ڈائریکٹرز مقرر کرے گا۔	چیف ایگزیکٹو اور کل وقتی خدمات انجام دینے والے ڈائریکٹر کے علاوہ ہر ڈائریکٹر، ڈائریکٹرز کے اجلاس، بشمول کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے، ایسی فیس کا حقدار ہوگا جو بورڈ آف ڈائریکٹرز وقتاً فوقتاً مقرر کرے۔ غیر انتظامی ڈائریکٹر، بشمول آزاد ڈائریکٹر، اور چیئرمین کو بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے وقتاً فوقتاً ادا کیے جانے والے معاوضے کی شرح بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے وقتاً فوقتاً منظور شدہ ڈائریکٹرز کے معاوضے سے متعلق پالیسی کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز مقرر کرے گا۔ اجلاس میں شرکت کے لیے کسی ڈائریکٹر کی جانب سے کیے جانے والے اخراجات کمپنی کی جانب سے واپس ادا کیے جائیں گے۔ ڈائریکٹرز کی جانب سے انجام دی جانے والی اضافی خدمات کا معاوضہ بورڈ آف ڈائریکٹرز مقرر کرے گا۔

ڈائریکٹرز نے تصدیق کی ہے کہ مجوزہ ترامیم قانون اور قابل اطلاق ریگولیٹری فریم ورک کی متعلقہ دفعات کے عین مطابق ہیں۔

ڈائریکٹرز کے مفاد کا انکشاف:

اس معاملے میں کمپنی کے ڈائریکٹرز کا کوئی مفاد نہیں ہے، سوائے اس کے کہ وہ کمپنی میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دے رہے ہیں۔

نیشنل فوڈز لمیٹڈ

National FOODS SINCE 1970

سالانہ اجلاس عام

بروز پیر، 26اکتوبر2026 کو صبح 10:00 بجے پی سی ہوٹل کراچی

خصوصی کاروبار پر ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر

بروز پیر، 26اکتوبر2026 کو صبح 10:00 بجے پی سی ہوٹل کراچی-74000 میں منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں خصوصی کاروبار کے لیے پوسٹ کے ذریعے ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر:

ویب سائٹ:https://www.nfoods.com/

شیئر ہولڈر/مشترکہ شیئر ہولڈرز کا نام	
رجسٹرڈ ایڈریس	
موجودہ حصص کی تعداد اور فولیو نمبر	
کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (کاپی منسلک کی جائے گی)	
اضافی معلومات اور ضمیمہ جات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن، اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں)	

ایجنڈہ آئٹم نمبر۵

''**قرارداد کی گئی ہے کہ** کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 85 اور کمپنی کے ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کے آرٹیکل 28 کے مطابق، کمپنی کے موجودہ حصص کے سرمائے، بشمول اس کے مجاز، جاری کردہ اور ادا شدہ سرمائے میں اس طرح ترمیم کی جائے کہ کمپنی کا ہر عام حصص، جس کی ظاہری مالیت 5 روپے ہے، کو ایک (1) روپے کی ظاہری مالیت کے پانچ (5) عام حصص میں تقسیم کر دیا جائے، جبکہ ایسے حصص سے منسلک حقوق اور مراعات میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

مزید قرارداد کی گئی ہے کہ کمپنی کے مجاز سرمائے کو 1,000,000,000 عام حصص، فی حصص 5 روپے سے تقسیم کر کے 5,000,000,000 عام حصص، فی حصص 1 روپے کر دیا جائے، اور اس کے نتیجے میں کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی موجودہ شق V اور ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کے آرٹیکل 4 میں ترمیم کر کے انہیں مندرجہ ذیل عبارت سے تبدیل کر دیا جائے:

میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V

" کمپنی کا مجاز سرمایہ 5,000,000,000 روپے (پانچ ارب روپے) ہے، جو 5,000,000,000 (پانچ ارب) عام حصص پر مشتمل ہے، جن میں سے ہر ایک کی ظاہری مالیت 1 روپے (ایک روپیہ) ہے، اور کمپنی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنی صوابدید کے مطابق اس سرمائے میں اضافہ یا کمی کر سکے۔ کمپنی، کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات کے مطابق، اپنے حصص یا ان میں سے کسی حصے کو تقسیم یا یکجا کر سکتی ہے۔"

ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کا آرٹیکل 4

" کمپنی کا مجاز سرمایہ وہ رقم ہے جو کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V میں درج ہے، اور یہ اتنی تعداد میں حصص میں تقسیم ہوگا، جن میں سے ہر ایک کی ظاہری مالیت 1 روپے (ایک روپیہ) ہوگی، جیسا کہ میمورنڈم کی مذکورہ شق میں بیان کیا گیا ہے۔"

مزید قرارداد کی گئی ہے کہ کمپنی کا ہر موجودہ عام حصص، جس کی ظاہری مالیت 5 روپے ہے، کو 1 روپے کی ظاہری مالیت کے پانچ (5) عام حصص میں تقسیم کر دیا جائے، اور اس طرح موجودہ 233,115,425 عام حصص، جن میں سے ہر ایک کی ظاہری مالیت 5 روپے ہے، کو 1,165,577,125 عام حصص میں تقسیم کر دیا جائے، جن میں سے ہر ایک کی ظاہری مالیت 1 روپیہ ہوگی۔ یہ تقسیم شدہ حصص مؤثر تاریخ کو ہر شیئر ہولڈر کے متعلقہ استحقاق کے تناسب سے جاری/اس کے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کیے جائیں گے۔

مزید قرارداد کی گئی ہے کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/یا کمپنی سیکریٹری کو انفرادی طور پر تمام ضروری اقدامات کرنے اور مذکورہ بالا قراردادوں پر عمل درآمد کے لیے تمام کارپوریٹ، قانونی اور ریگولیٹری رسمی کارروائیاں مکمل کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے، جس میں مؤثر تاریخ کا تعین اور اعلان، اراکین کے رجسٹر کی بندش، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی/سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ساتھ رابطہ کاری، تقسیم شدہ حصص کو فزیکل اور الیکٹرانک صورت میں جاری/کریڈٹ کرنا، اور متعلقہ ریگولیٹری اتھارٹیز کے پاس تمام ضروری دستاویزات جمع کرانا اور مطلوبہ انکشافات کرنا شامل ہیں۔''

ایجنڈہ آئٹم نمبر۶

''**قرارداد کی گئی ہے کہ** شیئر ہولڈرز متحدہ عرب امارات میں نیشنل فوڈز FZCO (NF FZCO) اور ایپیکیور FZCO (Epicure FZCO) کے درمیان متعلقہ فریق کے ساتھ طے پانے والے لین دین کے ضمیمے کی منظوری اور توثیق کرتے ہیں، جس کے تحت ایپیکیور FZCO سرمایہ کاری سے متعلق مشاورتی/سہولت کاری کی خدمات فراہم کرے گا، مزید برآں حصول کے بعد انضمام اور کاروباری ترقی سے متعلق خدمات بھی، جب اور جہاں ضرورت ہو، فراہم کرے گا، اور ایم اینڈ اے مشیر/لین دین کے سہولت کار کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں بدستور انجام دیتا رہے گا۔ اس حیثیت میں اس کا کردار اس سے قبل 15 ستمبر 2025 کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام شیئر ہولڈرز کی جانب سے بھی منظور کیا جا چکا ہے، اور یہ خدمات ضمیمے میں درج شرائط و ضوابط کے مطابق فراہم کی جائیں گی۔''

''**مزید قرارداد کی گئی ہے کہ** کمپنی کے مجاز نمائندگان کو اس امر کا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں، تمام ضروری دستاویزات پر دستخط کریں اور تمام ایسے اعمال، اقدامات اور امور انجام دیں جو مذکورہ قرارداد کو مؤثر بنانے کے لیے ضروری یا ضمنی ہوں۔''

ایجنڈہ آئٹم نمبر۷

"**قرارداد کی گئی ہے کہ** وہ تمام لین دین، جن میں بورڈ کے اکثریتی ڈائریکٹرز کا مفاد شامل ہے، اور جو کمپنی نے درج ذیل متعلقہ فریقین کے ساتھ 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران انجام دیے، ان کی توثیق اور منظوری دی جاتی ہے۔"

اے ٹی سی ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ - پیرنٹ کمپنی
نیشنل فوڈز DMCC - ذیلی ادارہ
ایسوسی ایٹڈ انوائرمنٹ اینڈ انرجی
ایپیکیور FZCO

مزید قرارداد کی گئی ہے کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ، جن میں اکثریتی ڈائریکٹرز کا مفاد شامل ہے 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال اور آئندہ سالانہ عام اجلاس تک کیے گئے اور کیے جانے والے لین دین کی کیس ٹو کیس بنیاد پر، منظوری دے سکیں جن میں اوپر نامزد متعلقہ فریقین بھی شامل ہیں۔"

"**مزید قرارداد کی گئی ہے کہ** بورڈ کی جانب سے مذکورہ بالا لین دین کی منظوری کو شیئر ہولڈرز کی منظوری تصور کیا جائے گا اور 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال، کے لیے کیے گئے یہ لین دین آئندہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کے سامنے باقاعدہ توثیق/منظوری کے لیے پیش کیے جائیں گے۔"

ایجنڈہ آئٹم نمبر۸

مزید قرارداد کی گئی ہے کہ کمپنی کے ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کے موجودہ آرٹیکل 62 میں ترمیم کر کے اسے مندرجہ ذیل شق سے تبدیل کر دیا جائے:

"چیف ایگزیکٹو اور کل وقتی خدمات انجام دینے والے ڈائریکٹر کے علاوہ ہر ڈائریکٹر، ڈائریکٹرز کے اجلاس، بشمول کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے ایسی فیس کا حقدار ہوگا جو بورڈ آف ڈائریکٹرز وقتاً فوقتاً مقرر کرے۔ بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز، بشمول آزاد ڈائریکٹر، اور چیئرمین کو وقتاً فوقتاً ادا کیے جانے والے معاوضے کی شرح ڈائریکٹرز کے معاوضے کی پالیسی کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کی جائے گی۔ اجلاس میں شرکت کے لیے ڈائریکٹر کی جانب سے کیے جانے والے اخراجات کمپنی کی طرف سے ادا کیے جائیں گے۔ ڈائریکٹرز کی جانب سے انجام دی جانے والی اضافی خدمات کا معاوضہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کیا جائے گا۔"

مزید قرارداد کی گئی ہے کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/یا کمپنی سیکریٹری کو انفرادی طور پر مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے اور تمام کارپوریٹ، قانونی اور ریگولیٹری رسمی کارروائیاں مکمل کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

نمبرشمار	نوعیت اور قراردادوں کی تفصیل	عمومی حصص کی تعداد جن کے لیے ووٹ ڈالے گئے	میں/ہم قرارداد سے رضامندی اختیار کرتے ہیں(حق میں)	میں/ہم قرارداد سے اختلاف کرتے ہیں(کے خلاف)
۱	ایجنڈہ آئٹم نمبر۵ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے			
۲	ایجنڈہ آئٹم نمبر۶ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے			
۳	ایجنڈہ آئٹم نمبر۷ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے			
۳	ایجنڈہ آئٹم نمبر۷ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے			

نوٹس:

۱۔ پُر کیا ہوا بیلٹ پیپر چیئرمین **نیشنل فوڈز لمیٹڈ**، کو 6-CL / 12 کلیٹر مونٹ روڈ، سول لائنز، کراچی یا ای میل corporate.secretary@nfoods.com پر بھیجا جائے۔
۲۔ پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ کی ایک کاپی (غیر ملکی کی صورت میں) منسلک ہونی چاہیے۔
۳۔ بیلٹ پیپر غیر معمولی اجلاس عام سے ایک دن پہلے یعنی جمعہ **16 اکتوبر 2026** تک یا اس سے پہلے کاروباری اوقات میں چیئرمین تک پہنچ جانا چاہیے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے نہیں سمجھا جائے گا۔
۴۔ بیلٹ پیپر پر کیے گئے دستخط قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) پر موجود دستخط سے مطابقت رکھتے ہوں۔
۵۔ نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، خراب، پھٹا، مسخ شدہ، یا زیادہ لکھا ہوا پول پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔
۶۔ کسی باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن، یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۸ یا ۱۳۹ کے مطابق جیسا کہ قابل اطلاق ہے بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ کسی مجاز شخص کے قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی، بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی/ مجاز لیٹر کی تصدیق شدہ کاپی ہونی چاہیے۔ غیر ملکی باڈی کارپوریٹ وغیرہ کے معاملے میں، تمام دستاویزات کو قونصل جنرل آف پاکستان جس کا دائرہ اختیار جو ممبر پر ہو سے تصدیق شدہ ہونا ضروری ہے۔
۷۔ بیلٹ پیپر فارم کمپنی کی ویب سائٹ: https://www.nfoods.com پر بھی رکھا گیا ہے: ممبران ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبارات میں شائع ہونے والی اصل/فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔

تاریخ:__________

____
شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کے دستخط/ مجاز دستخط کنندہ
(کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، براہ کرم کمپنی کی مہر ثبت کریں)

خصوصی کاروبار پر پولنگ:

نیشنل فوڈز لمیٹڈ ("کمپنی") کے ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018، جو کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے مورخہ 5 دسمبر 2022 کو جاری کردہ نوٹیفکیشن کے تحت ترمیم شدہ ہیں، کے مطابق SECP نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ "خصوصی امور" (Special Business) کے تمام معاملات پر ممبران کو الیکٹرانک ووٹنگ اور ووٹ بذریعہ ڈاک کی سہولت فراہم کریں۔

اسی کے پیش نظر، نیشنل فوڈز لمیٹڈ کے اراکین کو یہ سہولت فراہم کی جائے گی کہ وہ اپنی سالانہ عمومی اجلاس، جو کہ **۲۶ اکتوبر ۲۰۲۶ کو صبح 10:00 بجے** منعقد ہوگا، میں شامل خصوصی امور پر ای ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ کاسٹ کر سکیں، جو مذکورہ ریگولیشنز میں بیان کردہ شرائط و ضوابط کے مطابق لازم ہے۔

ممبران کی سہولت کے لیے، بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے جسے نیچے دیے گئے لنک سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے: https://www.nfoods.com

ای ووٹنگ کا طریقہ کار:

i۔ ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کے ساتھ ایک ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے پاس **۱۱۶ اکتوبر ۲۰۲۶** کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں ان کے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، سیل نمبر، اور ای میل ایڈریس دستیاب ہوں گے۔
ii۔ ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، اور پاس ورڈ، ای میل کے ذریعے اراکین کو مطلع کیا جائے گا۔ سکیورٹی کوڈز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ویب پورٹل (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) سے ایس ایم ایس کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے۔
iii۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے ممبران کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔
iv۔ ای ووٹنگ لائنیں **۱۲۱ اکتوبر ۲۰۲۶**، صبح 09:00 بجے سے شروع ہوں گی اور **۱۲۵ اکتوبر ۲۰۲۶** کو شام 5:00 بجے بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی ممبر کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد، اسے بعد میں اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار:

ممبر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی ایک کاپی کے ساتھ صحیح طریقے سے بھرا ہوا اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر کمپنی سیکریٹری تک بذریعہ ڈاک 6-CL / 12، کلیٹر مونٹ روڈ، سول لائنز، کراچی، پاکستان، یا ای میل کے ذریعے corporate.secretary@nfoods.com پر، کم از کم ایک ورکنگ دن قبل یعنی **۱۲۳ اکتوبر ۲۰۲۶** کو دفتری اوقات کے، دوران موصول ہو جائے۔

رواں سال پولیس فورس‘ اہلخانہ کی فلاح و بہبود پر ڈیڑھ ارب روپے خرچ

ملازمین‘ اہل خانہ کی مشکلات کے ازالے کا سلسلہ جاری رہے گا: آئی جی پنجاب عبدالکریم

لاہور(نامہ نگار) پنجاب پولیس کی جانب سے رواں سال پولیس فورس اور ان کے اہلخانہ کی فلاح و بہبود پر مجموعی طور پر ایک ارب 52 کروڑ 95 لاکھ روپے سے زائد رقم خرچ کی گئی ہے۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے کہا کہ پولیس ویلفیئر فنڈ اور دیگر ویلفیئر ذرائع سے حاصل آمدن سے ملازمین اور ان کے اہل خانہ کی مشکلات کے ازالے کا سلسلہ جاری رہے گا۔ پولیس ملازمین کے بچوں کو ایجوکیشنل سکالرشپس کی مد میں 43 کروڑ 27 لاکھ روپے سے زائد رقم جاری کی گئی۔ پولیس ملازمین کی بیٹیوں کو ویڈنگ گفٹ کی صورت میں 42 کروڑ 85 لاکھ روپے فراہم کیے گئے۔ علاج معالجے کی سہولیات میں معاونت کیلئے 24 کروڑ 72 لاکھ روپے جاری کیے گئے۔ پولیس ملازمین کو ریٹائرمنٹ گرانٹس کی مد میں 23 کروڑ 30 لاکھ روپے کی ادائیگیاں کی گئیں۔ گذارا الاؤنس کی مد میں پولیس ملازمین کی فیملیز کو 12 کروڑ 98 لاکھ روپے فراہم کیے گئے۔ تدفین اخراجات کی مد میں 4 کروڑ 73 لاکھ روپے جبکہ مالی امداد کی مد میں ایک کروڑ 7 لاکھ روپے جاری کیے گئے۔

ون ویلرز‘ تیز رفتاری‘ ہلڑ بازی کیخلاف اہم شاہراہوں پر خصوصی ٹیمیں تعینات

لاہور(نامہ نگار) سٹی ٹریفک پولیس لاہور نے ون ویلنگ، تیز رفتاری، ریسنگ اور ہلڑبازی کے خلاف کریک ڈاؤن مزید سخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی کے حکم پر شہر کی متعدد اہم شاہراہوں پر خصوصی ٹیمیں تعینات کر دی گئی ہیں جبکہ سی بی ڈی مین بلیوارڈ کو ہیوی بائیکرز کیلئے نو گو ایریا قرار دیدیا گیا ہے۔ ہیوی بائیکرز کی جانب سے رات کو ٹولیوں اور جتھوں کی صورت میں ریسنگ کرنے کی شکایات موصول ہوئی ہیں۔ ڈیفنس مین بلیوارڈ، کینال روڈ، مین بلیوارڈ گلبرگ اور سی بی ڈی بلیوارڈ پر خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔

بیوی پر تشدد‘ برادر نسبتی کو زخمی کرنیوالا شوہر گرفتار

لاہور(نامہ نگار) ڈیفنس سی پولیس نے بیوی پر تشدد اور برادر نسبتی کو زخمی کرنے والے شوہر کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت عباس کے نام سے ہوئی۔ ملزم نے گھریلو ناچاقی پر بیوی کو تشدد کا نشانہ بنایا اور برادر نسبتی کو گاڑی سے ٹکر مار کر زخمی کیا۔ ملزم کیخلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کیلئے انویسٹی گیشن پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

شہریوں کو لوٹنے والوں کا انجام گرفتاری ہوگا: ڈی آئی جی آپریشنز

لاہور(نامہ نگار) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے فیس بک لائیو پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ ٹرانس جینڈر ہنی ٹریپ کی شکایت شہری کو کارروائی کی یقین دہانی کروا دی۔ انہوں نے کہا کہ فریب کا جال بچھا کر شہریوں کو لوٹنے والوں کا انجام گرفتاری ہوگا۔ ون ویلنگ اور تیز رفتاری جان لیوا کھیل ہیں۔ نوجوان خطرناک کرتب سے باز رہیں۔ خطرناک ڈرائیونگ کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کر کے ایسے رجحانات کی حوصلہ افزائی نہ کریں۔ پتنگوں اور ڈور کی غیر قانونی فروخت و ترسیل کیخلاف پولیس کا کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی اجازت کے بغیر پتنگوں اور ڈور کی فروخت و ترسیل غیر قانونی ہے۔

نوکری کا جھانسہ دیکر لڑکی سے زیادتی کی کوشش‘ ملزم گرفتار

لاہور(نامہ نگار) سندر پولیس نے نوکری کا جھانسہ دے کر لڑکی سے زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم گرفتار کرلیا ہے۔ افتخار نامی شخص نے لڑکی کو نوکری کیلئے انٹرویو کرنے کیلئے فلیٹ پر بلایا اور ڈرا دھمکا کر زیادتی کا نشانہ بنانے کی کوشش کی۔ سندر پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم افتخار کو چند گھنٹوں میں ٹریس کر کے گرفتار کرلیا۔

فیروزوالہ: شادی کا جھانسہ دیکر خاتون سے زیادتی‘ 2 بچیوں سے نازیبا حرکات

فیروزوالہ(نامہ نگار) راوی ریان مریدکے میں نوجوان عامر نامی شادی کا جھانسہ دے کر جواں سالہ خاتون سے زیادتی کرتا رہا اس دوران ملزم نے کسی اور لڑکی سے شادی کر لی۔ تھانہ مریدکے صدر پولیس نے خاتون منال بی بی کی رپورٹ پر عامر کیخلاف زیادتی کرنے کے الزام کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے۔ تھانہ کوٹ عبدالمالک کے علاقہ میں نوجوان احمد نامی نے دو کمسن بچیوں 8 سالہ لڑکی (ف) اور 7 سالہ بچی (ج) کو فلٹر سے پانی لے کر گھر واپس جا رہی تھی جب گلی سے گزرنے لگی زبردستی پکڑ کر نازیبا حرکات اور زیادتی کرنے کی کوشش کی۔ بچیوں کے چیخ و پکار کرنے پر محلہ دار جمع ہو گئے جس پر ملزم فرار ہو گیا۔

گندھارا ٹائر اینڈ ربڑ کمپنی لمیٹڈ

GTR TYRE

63ویں سالانہ اجلاس عام کا نوٹس

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ گندھارا ٹائر اینڈ ربڑ کمپنی لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا 63واں سالانہ اجلاس عام بروز بدھ، 28اکتوبر2026 کو صبح 11:00 بجے، نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف بینکنگ اینڈ فنانس، پاکستان (سابقہ انسٹی ٹیوٹ آف بینکرز پاکستان)، ایم ٹی خان روڈ، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا، جبکہ اجلاس میں الیکٹرانک ذرائع/ ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے بھی شرکت کی جا سکے گی، جس میں درج ذیل امور پر عمل درآمد ہوگا:

عمومی امور:

1- 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ حسابات، بشمول اس سے متعلق ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور و خوض اور منظوری۔
کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 223 اور ایس۔ آر۔ او نمبر: 2023/(I)389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق، کمپنی کے مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کر دیے گئے ہیں، جنہیں درج ذیل لنک اور QR کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے:

https://www.gtr.com.pk/annual-accounts-2026/GTR_Annual_Report_2026.pdf

2- 30 جون 2027 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے، آئندہ سالانہ عمومی اجلاس کے اختتام تک، کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز، میسرز شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کی وجہ سے خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کیا ہے۔

3- چیئر کی اجازت سے کسی دیگر امور پر غور و خوض۔

بحکم بورڈ
اطہر علی خان
کمپنی سیکریٹری

کراچی:
05اکتوبر2026ء

نوٹس:

A شیئر ٹرانسفر کتب کی بندش:

ممبران کا رجسٹر اور کمپنی کے شیئر ٹرانسفر کی کتابیں 21اکتوبر2026 سے 28اکتوبر2026 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک-بی، ایس ایم سی ایچ ایس مین شاہراہ فیصل، کراچی کے دفتر میں بروز منگل 20اکتوبر2026 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی منتقلی کو استحقاق کے مقصد اور اجلاس میں حاضری، شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

B ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے اجلاس میں شرکت:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے سرکلر نمبر 6 مورخہ 3 مارچ 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ وہ سالانہ اجلاس عام میں حصص داروں کی شرکت کے لیے ویڈیو لنک سہولت فراہم کریں، تاکہ اراکین کی از خود شرکت کے ساتھ ساتھ وہ آن لائن بھی اجلاس میں شرکت کر سکیں۔

ویڈیو لنک کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنا نام، فولیو نمبر، سیل نمبر اور اپنے نام پر رکھے گئے شیئرز کی تعداد بعنوان "گندھارا ٹائر اینڈ ربڑ کمپنی لمیٹڈ- AGM کے لیے رجسٹریشن" بشمول کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے دونوں اطراف کی درست کاپی khawer@gentipak.com پر ای میل کریں۔ ویڈیو لنک اور لاگ ان کی معلومات صرف ان ممبران/ نامزد پراکسیز کو شیئر کی جائیں گی جن کی ای میلز، تمام مطلوبہ تفصیلات پر مشتمل، AGM کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہوں گی۔

تمام CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو اجلاس میں شرکت کے وقت اصل CNIC پیش کر کے اپنی شناخت کی تصدیق کروانا ہوگی۔ ایک کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ درست پاور آف اٹارنی کی ایک مصدقہ کاپی، جس میں نامزد کا نام اور دستخط کا نمونہ موجود ہو، اجلاس کے وقت پیش کرنا ضروری ہوگا۔

صرف وہی افراد جن کے نام کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں 20اکتوبر2026 تک موجود ہوں گے وہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل ہیں۔

شیئر ہولڈرز ویڈیو کانفرنس سہولت سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں، درج ذیل فارم کو پُر کر کے کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر سالانہ اجلاس عام کے انعقاد سے کم از کم 7 دن قبل جمع کروایا جائے۔ اگر کسی مخصوص جغرافیائی مقام پر رہائش پذیر اراکین، جن کے پاس مجموعی طور پر کمپنی کے 10 فیصد یا اس سے زیادہ حصص ہوں، اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 7 دن قبل ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کی خواہش کا اظہار کریں تو کمپنی متعلقہ شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گی، بشرطیکہ مذکورہ شہر میں یہ سہولت دستیاب ہو۔

میں/ہم __________ ولد/ دختر/ زوجہ __________ ،بطور رکن گندھارا ٹائر اینڈ ربڑ کمپنی لمیٹڈ، حامل __________ عاموی حصص،
بطور رجسٹرڈ فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر __________ ،بذریعہ یہ تحریر ویڈیو کانفرنس سہولت سے فائدہ اٹھانے کا انتخاب کرتے ہیں، مقام: __________
نام اور دستخط: __________ تاریخ: __________

C پراکسیوں کی تقرری:

اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کا حقدار رکن کو اس کی جگہ کسی دوسرے ممبر کو شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے اپنا پراکسی مقرر کرنے کا بھی حق حاصل ہوگا۔ مقرر کردہ پراکسیو کو اجلاس میں شرکت، بولنے اور ووٹ دینے کے حوالے سے ایسا حق حاصل ہوگا جو متعلقہ ممبر کو حاصل ہے۔ کمپنی کو لازمی طور پر پراکسی دستاویز اور پاور آف اٹارنی (POA) جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہیں یا اس POA کی ایک نوٹرائزڈ مصدقہ کاپی کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس سے اڑتالیس (48) گھنٹے قبل موصول ہو جانے چاہئیں۔ رپورٹ کے آخر میں ایک خالی پراکسی فارم منسلک ہے اور ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے کمپنی کی ویب سائٹ www.gtr.com.pk پر بھی دستیاب ہے۔

D ڈیویڈنڈ پر ودہولڈنگ ٹیکس

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے تحت کمپنیوں کی جانب سے ادا کردہ ڈیویڈنڈ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لیے درج ذیل نرخ تجویز کی گئی ہیں۔ یہ نرخ مندرجہ ذیل ہیں:

(a) ایکٹو ٹیکس پیئر زلسٹ (ATL) میں ظاہر ہونے والے افراد پر 15فیصد
(b) ایکٹو ٹیکس پیئر زلسٹ (ATL) میں ظاہر نہ ہونے والے افراد پر 30فیصد

وہ اراکین جن کے نام FBR کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئر زلسٹ (اے ٹی ایل) میں ظاہر نہیں (اس امر کے باوجود کہ وہ فائلرز ہیں) ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام ATL میں درج کیے گئے ہیں تاکہ مستقبل میں ڈیویڈنڈ کی کسی بھی ادائیگی پر زیادہ ٹیکس کٹوتی سے بچ سکیں۔

مشترکہ شیئر ہولڈرز کی صورت میں، ہر شیئر ہولڈر کو انفرادی طور پر یا تو فائلر یا نان فائلر سمجھا جائے گا اور ٹیکس ہر شیئر ہولڈر کی شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر یا جیسا کہ شیئر ہولڈرز کی جانب سے ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر مطلع کیا جائے گا۔ ایسی کوئی اطلاع موصول نہ ہونے کی صورت میں، ہر شیئر ہولڈر کے پاس حصص کی مساوی تعداد تصور کی جائے گی۔

E انکم ٹیکس/ زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ:

جو ممبران انکم ٹیکس کی کٹوتی سے استثنیٰ حاصل کرنے کے خواہاں ہیں یا کم شرح پر کٹوتی کے اہل ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ایک درست ٹیکس استثنیٰ/ کم شرح کا سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت پیش کریں جیسا بھی معاملہ ہو۔ زکوٰۃ کی کٹوتی کے خواہشمند اراکین سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ زکوٰۃ کی کٹوتی نہ کرنے کے لیے ایک درست اعلانیہ جمع کرائیں۔

F الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کے تحت، تمام لسٹڈ کمپنیوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو الیکٹرانک موڈ کے ذریعے براہ راست حقدار شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں نقد ڈیویڈنڈ ادا کریں۔ فزیکل حصص کی صورت میں براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں ڈیویڈنڈ حاصل کرنے کے لیے، شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب کیش ڈیویڈنڈ کے الیکٹرانک کریڈٹ کے لیے بینک مینڈیٹ فارم (اگر پہلے سے فراہم نہیں کیا گیا ہے) کو پُر کریں بشمول دستخط شدہ CNIC کی کاپی شیئر رجسٹرار، میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک-B، S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو ارسال کریں۔ سی ڈی سی میں حصص رکھنے کی صورت میں الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم براہ راست شیئر ہولڈر کے بروکرز/ پارٹنر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کو جمع کرائیں۔

G فعال شناختی کارڈ کی جمع آوری:

ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق جن شیئر ہولڈرز کے درست شناختی کارڈ شیئر رجسٹرار کے پاس دستیاب نہیں ہیں ان کا ڈیویڈنڈ روکا جا سکتا ہے۔ لہٰذا فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے تمام شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے درست CNIC کی فوٹو کاپی فوری طور پر، اگر پہلے سے فراہم نہیں کی گئی ہیں، بلاکسی تاخیر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کرائیں۔

H غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ

شیئر ہولڈرز، جو کسی بھی وجہ سے اپنے ڈیویڈنڈ کا دعویٰ دائر نہیں کر سکے، اگر کوئی ہے، تو انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کی تعمیل میں، مقررہ طریقہ کار کو مکمل کرنے کے بعد، واجب الادا اور قابل ادائیگی تاریخ سے 3 سال یا اس سے زیادہ مدت کے لیے بقایا تمام ڈیویڈنڈ غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ کی صورت میں وفاقی حکومت کو جمع کرا دیے جائیں گے۔

I پتے کی تبدیلی (اگر کوئی ہو)

تمام حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ پتے میں تبدیلی کے متعلق کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B، بلاک 'بی' S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو فوری طور پر مطلع کریں۔

J فزیکل شیئرز کی CDC اکاؤنٹ میں منتقلی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق لسٹڈ کمپنیوں کے لیے ضروری ہیں کہ اس کے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں اس طریقے سے تبدیل کیا جائے جیسا کہ بیان کیا گیا ہے اور کمیشن کی جانب سے مطلع کردہ تاریخ سے، ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ سے چار سال سے زیادہ نہ ہو۔

فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ساتھ CDC ذیلی اکاؤنٹ کھولیں یا CDC میں براہ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھولیں تاکہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس شکل میں رکھ سکیں۔

K ای میل کے ذریعے سالانہ مالیاتی گوشواروں کی منتقلی:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے نوٹیفکیشن S.R.O. نمبر 787(1)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014 میں کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ ای میل کے ذریعے اپنے ممبران کو سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے ارسال کیے جائیں۔ اسی مناسبت سے، اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ای میل کے ذریعے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارہ اور نوٹس وصول کرنے کے لیے اپنی رضامندی اور ای میل ایڈریس فراہم کریں۔ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے ایک اسٹینڈرڈ درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.gtr.com.pk پر دستیاب ہے جو ان کے CNIC / پاسپورٹ کی کاپی کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کیے جائیں گے۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ سالانہ مالیاتی گوشوارے بذریعہ ڈاک وصول کرنے کے بجائے ای میل ایڈریس پر وصول کرنا اختیاری ہے، اگر آپ اس سہولت سے فائدہ اٹھانا نہیں چاہتے ہیں تو براہ کرم اس نوٹس کو نظر انداز کر دیں۔

L ویب سائٹ پر مالی اکاؤنٹس کی دستیابی:

ایس ای سی پی (SRO نمبر 1196(I)/2019) مورخہ 3 اکتوبر 2019 کے نوٹیفکیشن کے مطابق، کمپنی کے مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ www.gtr.com.pk پر آویزاں کر دیے گئے ہیں۔

M بینیفیشل ملکیت کی تفصیلات:

2018 کے SECP سرکلر نمبر 16 اور 20 کی طرف کارپوریٹ اداروں/ قانونی افراد کی توجہ کرائی جاتی ہے اور متعلقہ شیئر ہولڈرز (کارپوریٹ اداروں/ قانونی افراد) کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ حتمی بینیفیشل مالکان سے متعلق معلومات اور/ یا SECP کے سرکلر کے موضوع کے مطابق دیگر معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔

N تحائف دینے پر پابندی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 185 اور SECP کے جاری کردہ ایس۔ آر۔ او نمبر 452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025 کی تعمیل میں، مطلع کیا جاتا ہے کہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کو کسی بھی قسم کا کوئی تحفہ تقسیم نہیں کیا جائے گا۔

dailyads.pk